معروف خطیب مولانا محمد شریف الہ آبادی کی وفات

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس و غم کے ساتھ سنی گئی کہ جماعت اہل حدیث کے معروف خطیب' خوشنوا واعظ اور عوامی مقرر مولانا محمد شریف الہ آبادی 48 سال کی عمر میں 10 جون کی صبح اچانک حرکت قلب بند ہو جانے سے وفات پا گئے انا للہ و انا الیہ راجعون مرحوم ایک عرصے سے شوگر کے مریض تھے۔ بیماری کی سنگینی اور شدت کے باوجود تبلیغ دین کے لئے دور دراز علاقوں میں پہنچتے رہے۔ ان کی وفات جماعت کے لئے عظیم سانحہ ہے۔

ادارہ جامعہ سلفیہ مرحوم کی وفات پر دلی رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ ان کی حسنات اور دین اسلام کے لئے ان کی تبلیغی مساعی کو قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں ان کے درجات بلند فرمائے۔

شیخ الحدیث مولانا محمد عبداللہ امجد چھتوی کو صدمہ

گذشتہ دنوں جماعت اہل حدیث کے معروف اور ممتاز عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ امجد چھتوی حفظہ اللہ (ستیانہ بنگلہ ضلع فیصل آباد) کی بڑی صاحبزادی اور پروفیسر نعیم صدیقی صاحب کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد ستیانہ میں وفات پا گئیں مرحومہ بڑی نیک اور صالحہ خاتون تھیں ان کی نماز جنازہ ستیانہ میں ادا کی گئی اور انہیں ان کے آبائی گاؤں چک 36 گ ب میں دفن کیا گیا اس ناگہانی وفات پر ادارہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد مولانا محمد عبداللہ امجد چھتوی اور ان کے خاندان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین